روزنامہ
الفضل
ٹیلی فون نمبر 047-6213029 C.P.L 29-FD
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

جمعہ 19 جنوری 2007ء 28 ذوالحج 1427 ہجری 19 صلح 1386 ھش جلد 57-92 نمبر 15

ایمان و حکمت سے معمور سینہ

آنحضرت ﷺ نے واقعہ معراج کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا جبریل آئے انہوں نے میرا سینہ کھولا۔ اسے آب زمزم سے دھویا پھر ایک سونے کا طشت لائے جو حکمت اور ایمان سے بھرپور تھا اور اسے میرے سینہ میں انڈیل دیا اور اسے بند کر دیا۔

(صحیح بخاری کتاب الحج باب زمزم)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

اے عزیزو! اے پیارو!! کوئی انسان خدا کے ارادوں میں اس سے لڑائی نہیں کر سکتا۔ یقیناً سمجھ لو کہ کامل علم کا ذریعہ خدائے تعالیٰ کا الہام ہے جو خدائے تعالیٰ کے پاک نبیوں کو ملا۔ پھر بعد اس کے اس خدا نے جو دریائے فیض ہے یہ ہرگز نہ چاہا کہ آئندہ اس الہام کو مہر لگاوے اور اس طرح پر دنیا کو تباہ کرے۔ بلکہ اس کے الہام اور مکالمے اور مخاطبے کے ہمیشہ دروازے کھلے ہیں۔ ہاں ان کو ان کی راہوں سے ڈھونڈو۔ تب وہ آسانی سے تمہیں ملیں گے۔ وہ زندگی کا پانی آسمان سے آیا اور اپنے مناسب مقام پر ٹھہرا۔ اب تمہیں کیا کرنا چاہئے تا تم اس پانی کو پی سکو۔ یہی کرنا چاہئے کہ افتاں و خیزاں اس چشمہ تک پہنچو، پھر اپنا منہ اس چشمہ کے آگے رکھ دو تا اس زندگی کے پانی سے سیراب ہو جاؤ۔ انسان کی تمام سعادت اسی میں ہے کہ جہاں روشنی کا پتہ لگے اسی طرف دوڑے اور جہاں اس گم گشتہ دوست کا نشان پیدا ہو، اسی راہ کو اختیار کرے۔ دیکھتے ہو کہ ہمیشہ آسمان سے روشنی اترتی اور زمین پر پڑتی ہے۔ اسی طرح ہدایت کا سچا نور آسمان سے ہی اترتا ہے۔ انسان کی اپنی ہی باتیں اور اپنی اٹکلیں سچا گیان اس کو نہیں بخش سکتیں۔ کیا تم خدا کو بغیر خدا کی تجلی کے پا سکتے ہو؟ کیا تم بغیر اس آسمانی روشنی کے اندھیرے میں دیکھ سکتے ہو؟ اگر دیکھ سکتے ہو تو شاید اس جگہ بھی دیکھ لو مگر ہماری آنکھیں گو بینا ہوں تاہم آسمانی روشنی کی محتاج ہیں۔ اور ہمارے کان گو شنوا ہوں تاہم اس ہوا کے حاجتمند ہیں جو خدا کی طرف سے چلتی ہے۔ وہ خدا سچا خدا نہیں ہے جو خاموش ہے اور سارا مدار ہماری اٹکلوں پر ہے۔ بلکہ کامل اور زندہ خدا وہ ہے جو اپنے وجود کا آپ پتہ دیتا رہا ہے اور اب بھی اس نے یہی چاہا ہے کہ آپ اپنے وجود کا پتہ دیوے۔ آسمانی کھڑکیاں کھلنے کو ہیں۔ عنقریب صبح صادق ہونے والی ہے۔ مبارک وہ جو اٹھ بیٹھیں اور اب سچے خدا کو ڈھونڈیں۔ وہی خدا جس پر کوئی گردش اور مصیبت نہیں آتی۔ جس کے جلال کی چمک پر کبھی حادثہ نہیں پڑتا۔ قرآن شریف میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:۔............

یعنی خدا ہی ہے جو ہر دم آسمان کا نور اور زمین کا نور ہے۔ اس سے ہر ایک جگہ روشنی پڑتی ہے۔ آفتاب کا وہی آفتاب ہے۔ زمین کے تمام جانداروں کی وہی جان ہے۔ سچا زندہ خدا وہی ہے۔ مبارک وہ جو اس کو قبول کرے۔

(اسلامی اصول کی فلاسفی۔ روحانی خزائن جلد 10 ص 443)

خصوصی درخواست دعا

محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب ناظر اعلیٰ و امیر مقامی ربوہ تحریر فرماتے ہیں:۔

مکرم صاحبزادہ مرزا وسیم احمد صاحب ناظر اعلیٰ و امیر مقامی قادیان کی طبیعت بوجہ شدید انفیکشن بہت زیادہ خراب ہے۔ احباب جماعت سے ان کی صحت کاملہ و عاجلہ کے لئے دعا کی درخواست ہے۔

احمدی ڈاکٹر وقف کریں

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اپنے خطبہ جمعہ فرمودہ 15 دسمبر 2006ء میں افریقہ میں ڈاکٹروں کی ضرورت کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا:۔

”بات چلی ہے تو میں ذکر کر دوں جماعت کے ہسپتال ہیں پاکستان میں بھی ربوہ میں بھی اور افریقہ میں بھی۔ وہاں ڈاکٹروں کی ضرورت ہوتی ہے۔ ان کو بھی گو کہ تنخواہ بھی مل رہی ہوتی ہے ایک حصہ بھی مل رہا ہوتا ہے لیکن شاید باہر سے کم ہو۔ تو بہرحال خدمت خلق کے جذبے کے تحت ڈاکٹروں کو بھی اپنے آپ کو وقف کرنا چاہئے۔ چاہے 3 سال کے لئے کریں۔ چاہے 5 سال کے لئے کریں۔ زندگی کے لئے کریں۔ لیکن وقف کر کے آگے آنا چاہئے اور یہی چیزیں ہیں جو ان کو پھر اللہ تعالیٰ کا قرب عطا کریں گی اور ان پر اتنے فضل ہوں گے جو اللہ تعالیٰ کی صفت رحمانیت ان پر جلوہ گر ہو گی“۔

مجلس نصرت جہاں کے تحت وقف کے خواہشمند دین کی خدمت کا جذبہ رکھنے والے مخلص ڈاکٹر صاحبان درج ذیل پتہ پر مزید معلومات کے لئے رابطہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس نصرت جہاں، بیت الاظہار۔ بالائی منزل احاطہ صدر انجمن احمدیہ ربوہ

فون 047-6212967

(سیکرٹری مجلس نصرت جہاں۔ ربوہ)

محترم مولانا دوست محمد صاحب شاہد مورخ احمدیت

عالم روحانی کے لعل وجواہر (نمبر 418)

عشق الٰہی کی آگ

سیدنا حضرت مصلح موعود کا بیان فرمودہ ایک حیرت انگیز نکتہ معرفت:۔

''حضرت مسیح موعود کا ایک الہام ہے۔ آگ ہماری غلام بلکہ ہمارے غلاموں کی غلام ہے۔ ایک معنی اس کے یہ ہیں۔ کہ مصائب اور آفات آپ کی جماعت کو تباہ نہ کریں گے۔ مگر اس کے ایک اور معنی بھی ہیں۔ آگ کا لفظ مختلف معنی رکھتا ہے۔ آگ مصائب کے معنوں میں استعمال ہوتی ہے۔ اور محبت کے معنوں میں بھی۔ پس اس الہام میں یہ بتایا گیا ہے۔ کہ دنیا کے مصائب ہمارا کچھ نہیں بگاڑ سکتے۔ آگ ہمارا کام کر رہی ہے۔ یعنی عشق الٰہی کی آگ ہماری کمزوریوں کو جلا رہی ہے اور جب دلوں میں عشق الٰہی کی آگ جل جاتی ہے۔ تو پھر اس کی علامات مونہوں سے بھی ظاہر ہونے لگتی ہیں۔ پس ہماری جماعت کے ہر فرد کے دل میں محبت الٰہی کا ایسا شعلہ ہو۔ کہ منہ سے بھی نکلتا ہو۔ اور ہر احمدی اس آگ کو اس طرح بھڑکائے کہ اس کا چہرہ دیکھ کر لوگ سمجھ جائیں۔ یہ (دین) کا سچا عاشق ہے جو (دین) کے لئے جان بھی دے دے گا۔ مگر قدم پیچھے نہ ہٹائے گا۔''

(رپورٹ مجلس مشاورت 1928ء صفحہ 142)

عہد نو کے لئے بیش قیمت خزانہ

حضرت مصلح موعود نے حضرت مسیح موعود کے قلم مبارک سے نکلے ہوئے ایک ایک لفظ کی قدر و قیمت کی طرف توجہ دلاتے ہوئے فرمایا:۔

''حضرت مسیح موعود خدا تعالیٰ کی طرف سے آئے تھے............ اس لئے آپ کے قلم سے نکلا ہوا ایک ایک لفظ دنیا کی ساری کتابوں اور تحریروں سے بیش قیمت ہے۔ اور اگر کبھی یہ سوال پیدا ہو۔ کہ حضرت مسیح موعود کی تحریر کی ہوئی ایک سطر محفوظ رکھی جائے۔ یا سلسلہ کے سارے مصنفین کی کتابیں۔ تو میں کہوں گا۔ آپ کی ایک سطر کے مقابلہ میں یہ ساری کتابیں مٹی کا تیل ڈال کر جلا دینا گوارا کروں گا۔ مگر اس سطر کو محفوظ رکھنے کے لئے اپنی انتہائی کوشش صرف کردوں گا۔ ہماری کتابیں کیا ہیں حضرت مسیح موعود نے جو کچھ تحریر فرمایا ہے۔ اس کی تشریحیں ہیں۔ اور تشریحیں کرنے والے اور بھی پیدا ہو سکتے ہیں۔''

(رپورٹ مجلس مشاورت 1925ء صفحہ 39)

حقیقی مربی احمدیت کا قلمی چہرہ

حضرت مصلح موعود نے ایک بار مجلس مشاورت کے ممبران سے خطاب کرتے ہوئے پُرجلال انداز میں فرمایا:۔

ہمیں وہ تیز طرار (مربی) نہیں چاہئیں۔ جو خم ٹھونک کر میدان مباحثہ میں نکل آئیں۔ اور کہیں آؤ ہم سے مقابلہ کرلو۔............ **ہمیں تو وہ چاہئیں۔ جن کی نیچی نظریں ہوں۔ جو شرم و حیا کے پتلے ہوں۔ جو اپنے دل میں خوف خدا رکھتے ہوں۔ لوگ جنہیں دیکھ کر کہیں کہ یہ کیا جواب دے سکیں گے۔ ہمیں ان فلسفیوں کی ضرورت نہیں جو مباحثوں میں جیت جائیں۔ بلکہ ان خادمانِ دین کی ضرورت ہے۔ جو سجدوں میں جیت کر آئیں۔ اگر وہ مباحثوں میں ہار جائیں۔ تو سو دفعہ ہار جائیں۔** ہمیں اس کی کیا ضرورت ہے۔ کہ زبانیں چٹخارہ لیں۔ مگر ہمارے حصہ میں کچھ نہ آئے۔ سر جنبش کریں اور ہم محروم رہیں میں مانتا ہوں کہ اس میں بیرونی جماعتوں کا بھی قصور ہے۔ وہ لکھتی ہیں کہ فلاں (مربی) کو بھیجا جائے۔ فلاں کا آنا کافی نہیں۔ کیونکہ وہ چٹخارہ دار زبان میں بات نہیں کر سکتا۔ یہ صحیح ہے۔ مگر لیڈر وہ ہوتا ہے۔ جو لوگوں کو پیچھے چلائے۔ نہ کہ لوگ جدھر چاہیں اسے لے جائیں۔ جو شخص تقویٰ و طہارت پیدا کرتا ہے۔ جو قلوب کی اصلاح کرتا ہے۔ وہی حقیقی (مربی) ہے۔ لیکن جو یہ سمجھے کہ میں نوکر ہوں اور جو وہاں جائے جہاں اسے حکم دیا جائے ایسے کو ہم نے کیا کرنا ہے۔ اسے تو کل اگر کہیں اس سے اچھی نوکری مل گئی۔ تو وہاں چلا جائے گا۔ **ہمیں وہ (مربی) چاہئیں جو اپنے آپ کو ملازم نہ سمجھیں۔ بلکہ خدا تعالیٰ کے لئے کام کریں۔ اور اسی سے اجر کے متمنی ہوں۔ جو ایسا نہیں کرتا۔ وہ ہمارا (مربی) نہیں۔**

(رپورٹ مجلس مشاورت 1936ء صفحہ 34-35)

اطلاعات واعلانات

نوٹ: اعلانات صدر / امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

نکاح

❁ مکرم مقبول احمد ظفر صاحب استاد جامعہ احمدیہ جونیئر سیکشن تحریر کرتے ہیں اللہ تعالیٰ کے فضل سے مورخہ 18 دسمبر 2007ء کو بعد از نماز عصر بیت المبارک میں خاکسار کی چھوٹی ہمشیرہ مکرمہ مبارکہ نیّرہ صاحبہ بنت مکرم ماسٹر منظور احمد صاحب کاتب الفضل کے نکاح کا اعلان مکرم فضل احمد باجوہ صاحب کارکن جامعہ احمدیہ جونیئر سیکشن ولد مکرم سلطان احمد باجوہ صاحب مرحوم کے ساتھ مکرم حافظ مظفر احمد صاحب ناظر اصلاح وارشاد دعوت الی اللہ نے کیا اور اس کے بعد دعا کروائی۔ مورخہ 21 دسمبر 2007ء کو بعد از نماز عصر دارالشکر میں تقریب رخصتانہ کا انعقاد ہوا محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب ناظر اعلیٰ و امیر مقامی نے تلاوت اور نظم کے بعد دعا کروائی جس کے بعد مدعووین کی خدمت میں ریفریشمنٹ پیش کی گئی احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس شادی کو فریقین کیلئے بابرکت بنائے۔ آمین

اعلان دارالقضا

(مکرم ناصر احمد صاحب، مکرم نثار احمد صاحب بابت ترکہ مکرم میجر نذیر احمد صاحب)

❁ مکرم نثار احمد طاہر صاحب نے درخواست دی ہے کہ میرے والد مکرم میجر نذیر احمد صاحب بقضائے الٰہی وفات پا گئے ہیں۔ ان کے نام قطعہ نمبر 11/1 واقعہ محلّہ دارالصدر شمالی حلقہ انوار ربوہ برقبہ دو کنال الاٹ شدہ ہے۔ یہ قطعہ مذکور برقبہ دو کنال مرحوم کے ورثاء میں بحصص شرعی منتقل کر دیا جائے۔ ورثاء میں سے 5 نے اپنے شرعی حصہ سے مکرم نثار احمد طاہر صاحب اور مکرم جہانگیر احمد صاحب کے حق میں دستبرداری اختیار کرلی ہے۔ جملہ ورثاء کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

1۔ مکرمہ ناصرہ بیگم صاحبہ (بیوہ) دستبردار ہوگئی ہیں۔
2۔ مکرم سلیم احمد صاحب (بیٹا) دستبردار ہوگئے ہیں۔
3۔ مکرم اشرف احمد صاحب (بیٹا) دستبردار ہوگئے ہیں۔
4۔ مکرمہ حمیدہ بیگم صاحبہ (بیٹی) دستبردار ہوگئی ہیں۔
5۔ مکرمہ فریدہ نذیر صاحبہ (بیٹی) دستبردار ہوگئی ہیں۔
6۔ مکرم نثار احمد طاہر صاحب (بیٹا)
7۔ مکرم جہانگیر احمد صاحب (بیٹا)
8۔ مکرم ناصر احمد صاحب (بیٹا)
9۔ مکرم نعیم احمد صاحب (بیٹا)
10۔ مکرم محمود احمد صاحب (بیٹا)
11۔ مکرم عبدالرشید صاحب (بیٹا)
12۔ مکرمہ نسیم نذیر صاحب (بیٹی)
13۔ مکرمہ سعیدہ نذیر صاحبہ (بیٹی)
14۔ مکرمہ سعدیہ نذیر صاحبہ (بیٹی)
15۔ مکرمہ روبینہ شہناز صاحبہ (بیٹی)
16۔ مکرم ثمینہ ناز صاحبہ (بیٹی)
17۔ مکرمہ زرینہ نذیر صاحبہ (بیٹی)

بذریعہ اخبار اعلان کیا جاتا ہے کہ کسی وارث یا غیر وارث کو اس منتقلی پر اگر کوئی اعتراض ہو تو وہ تیس یوم کے اندر اندر دفتر ہذا کو مطلع کر کے ممنون فرمائیں۔

(ناظم دارالقضاء ربوہ)

اعلان داخلہ

❁ ورچوئل یونیورسٹی نے درج ذیل بیچلرز اور ماسٹرز پروگرام میں داخلہ کا اعلان کیا ہے۔ (i) بی ایس اکاؤنٹنگ اینڈ فنانس، کامرس، بزنس ایڈمنسٹریشن، پبلک ایڈمنسٹریشن، کمپیوٹر سائنس، انفارمیشن ٹیکنالوجی، ماس کمیونیکیشن، سائیکالوجی (ii) ماسٹرز آف کمپیوٹر سائنس، ماسٹرز آف انفارمیشن ٹیکنالوجی، ماسٹرز آف بزنس ایڈمنسٹریشن داخلہ کے بارے میں مزید معلومات درج ذیل نمبر پر رابطہ کر کے حاصل کی جاسکتی ہیں۔

(111-880-880,0800-88-088)

❁ یونیورسٹی آف لاہور نے Winter 2007ء میں درج ذیل پروگرامز میں داخلہ کا اعلان کیا ہے۔ (i) بی ایس ای سی (ii) فارم ڈی (iii) بی ایس ان بائیوکیمسٹری (iv) ایم ایس سی (v) ایم فل۔ پی ایچ ڈی (vi) بی بی اے (آنرز) (vii) ایم بی اے (viii) ایم بی اے ایگزیکٹو (ix) ایم بی اے (ایک سالہ) (x) بی ایس سی ایس (xi) ایم ایس سی ایس (xii) ایم سی ایس (xiii) ایم اے انگلش (xiv) پی جی ڈی مزید معلومات کیلئے ویب سائٹ www.ulhr.edu.pk یا مندرجہ ذیل فون نمبر پر ابطہ کریں۔ 042-5870645-5870647

❁ پاکستان نیوی نے آپریشنز اور سپلائی برانچز میں ''پاکستان نیول والنٹیر ریزرو آفیسر'' کی حیثیت سے حصول کمیشن کی خاطر گریجویٹس سے درخواستیں طلب کی ہیں۔ اس کیلئے رجسٹریشن 15 جنوری تا 14 فروری 2007ء پاکستان نیوی ریکروٹمنٹ اینڈ سلیکشن سنٹرز میں ہوگی۔ مزید معلومات کیلئے درج ذیل ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔

www.paknavy.gov.pk

(نظارت تعلیم)

تحریک وصیت عطیہ چشم سے میں حصہ لے کر ثواب دارین حاصل کریں۔

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

م۔ سمیع

میرے والد حضرت مرزا عبدالحق صاحب

سیرت کے بعض پہلو اور بلند مقام

حضرت ابا جان نے اپنے رب کی محبت اور عشق میں سرشار زندگی بسر کی اور خدا کے مامور کی پیاری جماعت سے اپنی پُرخلوص خدمت و وفاداری کا ایسا تعلق باندھا جو تاریخ احمدیت کا ایک روشن باب ہے اور جس طرح خلفاء احمدیت نے ان کی پذیرائی فرمائی اس کے لئے ہم سب خاندان والوں کے دل شکریہ کے جذبات سے لبریز ہیں۔ جماعت کی ہمارے اس غم میں شرکت بھی بہت تسکین کا موجب بنی۔

حضرت ابا جان کی زندگی یوں تو ایک کھلی کتاب کی مانند ہے اور اپنے پرائے سبھی ان کی اعلیٰ اقدار کے معترف ہیں لیکن بعض پہلو حسن معاشرت کے ایسے ہوتے ہیں جن سے گھر کے افراد زیادہ حصہ پاتے ہیں۔ دو بیویوں سے اور ان کی اولاد کے ساتھ آپ نے جس انصاف کا ثبوت ابتداء سے انتہا تک دیا اس کی مثال شاذ ہی ملتی ہے۔ بڑی فراخدلی سے بچوں کے اخراجات پورے فرماتے۔ خدا تعالیٰ نے زندگی میں ہر قدم پر ان کو اپنی نوازشات و مہربانیوں سے نوازا۔ آپ کی زندگی کے آخری چند سالوں میں یہ دیکھ کر حیرت ہوتی تھی کہ کس طرح اللہ تعالیٰ ان کا کفیل ہے۔ حضرت خلیفۃ المسیح الاول کے واقعات سے بہت ملتے جلتے واقعات ان کی زندگی میں بکھرے پڑے ہیں۔ تادم آخر خدا تعالیٰ کا یہی سلوک رہا۔

نہایت دعا گو تھے۔ خاکسارہ کی زندگی میں کبھی کوئی تکلیف نہیں آئی مگر آپ کی دعاؤں سے دور ہو گئی۔ ایک ٹھنڈی چھاؤں تھی جس کے سایہ میں زندگی یوں بسر ہو گئی کہ معلوم ہی نہ ہوا۔ امی جان کی اکتوبر 1987ء میں وفات کے بعد عرصہ دراز تک خاکسارہ کو آپ کی خدمت کی توفیق ملی۔

آخری ایام میں کافی کمزور ہو چکے تھے لیکن ان کی زبردست قوت ارادی نے آخری لمحہ تک ان کا ساتھ دیا۔ اتنے سکون میں شب و روز بسر کرتے کہ حیرت ہوتی تھی کبھی شکوہ نہیں۔ بے زاری کی کیفیت نہیں۔ اپنے رب کی یاد میں محو۔ آخری وقت میں شنوائی اور بینائی کمزور ہو چکی تھیں۔ میں انہیں اخبار وغیرہ پڑھ کر سناتی۔ فرماتے پہلے الفضل پڑھو۔ قرآن مجید کا بہت سا حصہ زبانی یاد تھا میں دوہرائی کرواتی۔ کبھی فرماتے مجھے سناؤ۔ جس روز بھی طبیعت میں زیادہ کمزوری محسوس کرتے سورۃ یٰسین تلاوت کر لیتے۔ نمازیں اول وقت میں ادا فرماتے۔ معمولی خدمت پر خوشنودی کا اظہار فرماتے۔ سہارے کے بغیر چلنا پھرنا پسند فرماتے۔ جماعتی امور کو آخری لمحوں تک نبھایا۔ حافظہ بہت غضب کا تھا۔ آخر وقت تک یادداشت اور پہچان بھی بالکل ٹھیک تھی۔

صاحب کشف ورویا تھے۔ وفات سے قریباً ایک ماہ قبل یہ کشف (رات کے پچھلے حصہ میں دعا کرتے ہوئے لیٹے تھے تو) دیکھا اس کے بارے میں آپ نے فرمایا "سامنے دیوار پر تقریباً چار فٹ چوڑی اور چار فٹ اونچی جگہ ہے جس کے اندر نہایت ہی اعلیٰ درجہ کے رنگ جو بالکل بیان سے باہر ہیں اور اس میں نچلی طرف مختلف رنگ ایسے چمک رہے ہیں کہ دنیا میں ایسی چمک بالکل ممکن نہیں۔ مجھے احساس ہوا کہ وہ نچلا حصہ جو مختلف رنگ کا ہے روح القدس ہے۔ یہ نظارہ کئی دنوں تک رہا اور روح کی گہرائیوں میں اتر گیا۔ میں ایسے سیراب ہو گیا ایسی لذت اندر اتر گئی ہے"۔ اگلے روز بھی یہی فرماتے رہے۔ پھر ایک روز فرمایا "آج میں نے ایک نہایت سریلی آواز گانے کی سنی ہے کہ ایسی کبھی زندگی میں نہیں سنی۔ گویا وہ اکیلا ہے اور مجھے بلا رہا ہے اور میں اس کی طرف چل پڑتا ہوں"۔

آپ نفس مطمئنہ کا ایک زندہ نمونہ تھے۔ یہ بھی خدا کا خاص فضل تھا کہ آخر تک عام جسمانی کمزوری کے علاوہ کوئی خاص بیماری نہ تھی۔ جب بھی ٹیسٹ کے نتائج مثبت ہوتے بہت شکر گزاری کرتے اور فرماتے کہ خدا تعالیٰ کا کس قدر احسان ہے اس نے ہر بیماری سے محفوظ رکھا۔ کوئی تھوڑی تکلیف آئی بھی تو جلدی دور ہو گئی۔ آخری رات کچھ بخار ہوا۔ خاکسارہ نے رات گیارہ بجے آخری دوائی دی۔ (ڈاکٹر صاحبان تقریباً روزانہ ہی باہمی مشورہ سے ادویات تجویز فرماتے تھے)۔ بخار کم ہونے پر ہلکی نیند لی لیکن بیقراری بہت رہی۔ خاکسار تقریباً تمام رات آپ کے پاس رہی۔ بھائی صاحبان بھی رات دو بجے سے بیٹھے رہے۔ نماز سے قبل چائے کا دریافت کرنے پر فرمایا طبیعت نہیں چاہتی۔ نماز فجر لیٹے لیٹے ادا کی۔ صبح نو بجے دل کی کچھ دھڑکن بتائی (گھبراہٹ سی تھی شاید قبض سے) ساڑھے نو بجے دودھ کا ایک کپ میں نے اپنے ہاتھ سے پلایا۔ پونے دس کے قریب اپنے دائیں کروٹ لیٹ کر دعا کے لئے ہاتھ اٹھا لئے اور زیر لب کچھ دعائیں پڑھیں۔ دس کے کچھ منٹ بعد ان کا نواسہ ڈاکٹر وسیم آیا اور ان کی نبض کی کیفیت محسوس کرتے ہوئے مجھے اور نثار بھائی جان کو ان کے سرہانے سے پرے ہٹا کر جلدی سے سیدھا کیا اور دل کو پمپ کرنے کی کوشش کی (اس وقت مکرم ڈاکٹر محمود صاحب بھی پہنچ گئے) لیکن آپ اپنی جان جان آفرین کے سپرد کر چکے تھے۔

بلانے والا ہے سب سے پیارا
اسی پہ اے دل تو جاں فدا کر

یہ 26/اگست 2006ء کی صبح تھی۔ آپ کی رحلت کی خبر ملتے ہی ربوہ سے مکرم ومحترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب ناظر اعلیٰ مع مکرم ومحترم صاحبزادہ مرزا غلام احمد صاحب ناظر دیوان تشریف لے آئے اور تمام پروگرام ترتیب دیئے۔ اسی اثناء میں تمام اطراف سے خواتین وحضرات کی آمد کا سلسلہ شروع ہو گیا جو دوسرے روز جنازہ لے جانے تک جاری رہا۔ لمبی قطاروں کی صورت میں سب نے آخری دیدار کیا۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی تعزیت کی فیکس موصول ہوئی۔ حضور ایدہ اللہ کی والدہ صاحبہ محترمہ نے بھی فون پر تعزیت فرمائی۔ دنیا کے تمام اطراف سے فون اور خطوط کا طویل سلسلہ جاری رہا۔ ایم ٹی اے پر دو دن خبروں میں بلٹن نشر ہوتا رہا۔ آپ کے ایک پروگرام کی ویڈیو بھی نشر کی گئی۔ اسی جمعۃ المبارک کو حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے خطبہ کے نصف اول میں قریباً آدھ گھنٹہ آپ کا ذکر خیر فرمایا۔ سلسلہ کے تمام اخبارات و جرائد میں آپ کی وفات کی قراردادیں ہر تنظیم کی طرف سے چھپیں جو انفرادی طور پر ہم سب بہن بھائیوں کو بھی ملتی رہیں۔ ان کا بھی ایک لمبا سلسلہ تھا۔ الفضل نے اسی روز علیحدہ ضمیمہ بھی شائع کیا جو ربوہ کے گھروں میں تقسیم ہونے کے علاوہ اہم جگہوں پر آویزاں تھا۔

ایک جنازہ مقامی طور پر 27/اگست کو ظہر کے وقت ہماری کوٹھی میں پڑھایا گیا۔ اس کے بعد مرکز کے لئے روانگی ہوئی جہاں پاکستان کے ہر حصہ سے اور بعض بیرون ملک سے آنے والے احباب وخواتین نے آپ کا آخری دیدار کیا۔ خواتین مبارکہ خاندان حضرت مسیح موعود بھی تعزیت کے لئے تشریف لائیں۔ نماز عصر کے بعد بیت مبارک میں جنازہ پڑھایا گیا جس میں اس قدر رش تھا کہ تل دھرنے کو جگہ نہ تھی۔ ربوہ کی انتظامیہ نے بہترین انتظامات کر رکھے تھے۔ ایک محتاط اندازہ کے مطابق دس ہزار سے زائد کا مجمع تھا۔

اس دن صبح سے بہت گرمی تھی لیکن جنازہ اٹھاتے ہی خدا کی رحمت کا نزول ہوا اور ابر کرم کی چھینٹیں آپ کے تابوت پر بھی پڑیں تدفین کے بعد ربوہ اور سرگودھا کے علاقہ میں زور کی بارش ہوئی۔

قرآن مجید سے عشق

تعلیم سے فارغ ہوتے ہی آپ نے قرآن مجید کو سیکھنے کی طرف بھرپور توجہ دی۔ دس سال تک چار گھنٹہ روزانہ کلام الٰہی کو سیکھنے میں صرف کئے۔ اس میں حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کے درس قرآن بھی شامل ہیں جن میں انہوں نے رمضان المبارک میں قادیان جا کر شمولیت کی اور نوٹس لئے۔ آپ نے اپنے قرآن مجید کی چھ حصوں میں اس طرح جلد بندی کروائی کہ قرآن مجید کے ایک صفحہ کے ساتھ دو خالی کاغذ لگوائے اور ان پر ہر آیت قرآنی کی تفسیر حضرت مسیح موعود، حضرت خلیفۃ المسیح الاول، حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کی تفاسیر سے حل لغات لکھی ہیں۔ اوامر و نواہی کی آیات کو سرخ اور نیلے رنگ کی پنسل سے انڈر لائن کیا تا کہ ہر وقت کتاب الٰہی کے احکامات نظروں کے سامنے رہیں۔ ساری عمر قرآن مجید کے درس کا سلسلہ جاری رہا جس سے بیشمار احباب فیضیاب ہوئے۔ چند سال قبل حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کے ارشاد پر درس قرآن مجید ریکارڈ کروایا (ایم ٹی اے کے لئے) جو بائیس سپارے تک مکمل ہو سکا۔ اس کی ایک کاپی خلافت لائبریری میں موجود ہے۔ اس درس کے متعلق ایک غیر از جماعت نے خواب دیکھا کہ اس میں حضرت خلیفۃ المسیح الاول شامل ہوتے ہیں یہ گویا قبولیت کی طرف اشارہ تھا۔

ذکر الٰہی

آپ کو نمازیں قائم کرنے کا بے حد شوق و جذبہ تھا۔ گھر پر بیت الذکر تعمیر کروائی جہاں پنجوقتہ نمازوں کا التزام تھا۔ بچے بڑے سبھی وقت مقررہ پر باجماعت نماز پڑھتے ورنہ جواب طلبی ہوتی۔ فرماتے تھے کہ بچپن سے ہی لمبی نمازیں کئی مرتبہ پڑھیں اور ان میں سکون پایا۔

تہجد کی ادائیگی ان کی زندگی میں بہت اہمیت کی حامل تھی۔ رات جلدی سونا اور صبح جلدی اٹھنا ان کا معمول تھا تہجد میں تقریباً تین گھنٹہ قیام فرماتے۔ بعض دفعہ دو رکعت ڈیڑھ گھنٹے کی ہوتی تھیں۔ اس میں بہت گریہ وزاری فرماتے۔ بعض دفعہ فرماتے کہ ایک نماز کی قیمت ساری جائیداد ساری اولاد سے بڑھ کر ہے۔

دوسرے ذکر و اذکار ہر وقت زبان پر جاری رہتے۔ درود شریف بہت انہماک سے پڑھتے۔ دوران سفر گفتگو ناپسند فرماتے اور ذکر میں مصروف رہتے۔

خلافت احمدیہ سے عاشقانہ وابستگی تھی۔ جماعت کے لئے آپ نے بار بار زندگی وقف کرنا چاہی جس پر حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے فرمایا کہ آپ کی زندگی وقف ہی ہے۔ سلسلہ کی خدمات کا ایک لمبا سلسلہ ہے جو پون صدی پر پھیلا ہوا ہے۔ بہت سی کتابوں کے مصنف جس میں صداقت مسیح موعود کی قبولیت کی جناب الٰہی سے بشارت ملی۔ تنویر القلوب کے متعلق ڈاکٹر عبدالسلام نے ابا جان کو بتایا کہ انہوں نے اپنے سرہانہ میز پر رکھی ہوئی ہے اور روزانہ سونے سے قبل اس کا مطالعہ کرتے ہیں۔ روح العرفان کے متعلق حضرت چھوٹی آپا جان مرحومہ نے خاکسارہ کو بتایا کہ انہوں نے اسے اپنے شیلف پر سامنے رکھا ہوا ہے۔ جب بھی حوالہ درکار ہوتا ہے اس سے استفادہ فرماتیں۔

دعوت الی اللہ

دعوت الی اللہ کا جنون کی حد تک شوق تھا۔ بہت سوں نے آپ کی تحریرات، تقاریر اور دعوت کے ذریعہ صداقت کی راہ کو اپنایا۔ روحانیت کے اعلیٰ مقام پر تھے اور صاحب رویا وکشوف بزرگ تھے۔ چندے اپنے

اولین وقت پر ادا فرماتے اور دوسروں کو بھی اس کی تلقین فرماتے۔ اپنی وفات سے چند روز قبل میرے میاں کے سپرد تیس ہزار روپے کئے کہ اگر میں فوت ہو جاؤں تو تحریک جدید کے نئے سال کا اعلان ہوتے ہی میری پہلی رسید (معمول کے مطابق) کٹوا دینا۔ جائیداد کا حصہ وصیت پہلے ادا فرما کر پھر جائیداد بچوں میں تقسیم فرمائی۔ اس بات کا بہت فکر تھا کہ میری ساری اولاد نظام وصیت میں شامل ہو۔

بہت دعا گو تھے اور خدا کے فضل سے ان کی دعاؤں کو شرف قبولیت حاصل تھا جس سے اپنے پرائے سبھی نے بھرپور فائدہ اٹھایا۔ خود بھی دعا کرتے اور ہمیں بھی اس کی تلقین فرماتے۔ خاکسارہ کی زندگی میں کوئی ایسی تکلیف نہیں آئی جو ان کی دعاؤں سے دور نہ ہوئی ہو۔ لیکن اگر خدا تعالیٰ کی طرف سے تقدیر مبرم کی صورت میں ظاہر ہوتی تو نہایت درجہ صبر و استقلال کا مظاہرہ فرماتے۔ اپنے پانچ بچوں کی وفات کو نہایت صبر و حوصلہ سے برداشت کیا۔ میری جوان سال بچی کی حادثاتی موت پر مجھے صبر جمیل کی تلقین فرمائی۔ خدا تعالیٰ کی نعماء کے لئے حد درجہ شکر گزاری کا اظہار فرماتے۔

یتامیٰ کی کفالت

اس وصف سے بھی اپنے پرائے سبھی فیضیاب ہوئے۔ ایک غیر از جماعت خاتون نے بتایا کہ وہ جوانی میں بیوہ ہوئی تو اپنوں نے ساتھ نہ دیا۔ کسی نے بتایا کہ مرزا صاحب کے پاس جاؤ۔ ابا جان محترم نے نہ صرف رہائش دی بلکہ کفالت بھی فرمائی۔ اب اس کے بچے برسر روزگار ہیں۔ غریب پرور تھے۔ آپ کی وفات پر بہت سوں نے کہا کہ ہم اب کیا کریں گے۔ ہمارے ساتھ احسان کرنے والا چلا گیا۔

مریضوں کی عیادت اپنی مصروفیات میں سے وقت نکال کر فرماتے۔ پڑوسیوں سے حسن سلوک کا معاملہ تھا۔ ایک مرتبہ ہماری ہمسایہ خاتون نے کہلوا بھیجا کہ آپ کی ٹینکیاں جب اَوور فلو ہوتی ہیں تو وہ پانی کے شور سے دقت محسوس کرتی ہیں اسی وقت ملازم کو حکم فرمایا کہ اس شکایت کا ازالہ کیا جائے۔ اسی طرح دوسروں کا بھی خیال فرماتے اور ان کی ضروریات کا بھی خیال رکھتے۔

طبیعت میں بہت عاجزی اور انکساری تھی۔ عرصہ کی بات ہے Reader's Digest والوں نے دو مرتبہ لکھا کہ ہمیں معلوم ہوا ہے کہ آپ کی زندگی میں بہت سی Achievements ہیں۔ آپ ہمیں لکھ کر بھیجیں ہم انہیں چھاپیں گے۔ یہ کثیر التعداد رسالہ ہے جو دنیا کی کئی زبانوں میں چھپتا ہے۔ خاکسارہ نے عرض کیا کہ ضرور لکھیں۔ فرمایا مجھے دنیا کی تعریفوں سے کیا غرض۔

توکل علی اللہ اور استقلال

1974ء میں جب آپ کے گھر بار کو شدید نقصان پہنچایا گیا تو بڑے صبر سے برداشت کیا۔ فرماتے تھے جب حملہ آوروں نے لائبریری کی طرف قدم بڑھائے تو میں نے سمجھا اگر انہوں نے اس کو بھی آگ لگا دی تو میں زندہ نہ رہ سکوں گا۔ پھر خدا تعالیٰ کا فضل ہوا ان لوگوں کو اس کی توفیق نہ ملی۔ صرف قانون کی کتابیں تلف ہوئیں۔ جب حکومت وقت نے اپنے نمائندہ کے ہاتھ نقصان پورا کرنے کا پیغام بھجوایا تو آپ نے جواب دیا کہ جن احمدیوں کی جائیدادیں تباہ ہوئی ہیں اسے پورا کردیں مجھے آپ کی کسی مدد کی ضرورت نہیں۔ جماعتی طور پر بھی کچھ نہیں لیا۔ پھر خدا تعالیٰ نے محض اپنے فضل و کرم سے سبھی کو عطا فرما دیا۔

جنرل ضیاء الحق صدر پاکستان کی طرف سے آپ کو Advisor for Minorities مقرر کئے جانے کی آفر ہوئی جو ایک مرکزی وزیر کے برابر عہدہ تھا۔ تو آپ نے اس پیشکش کو ٹھکرا دیا۔ اس پر حکومت وقت کی طرف سے دھمکی آمیز خطوط ملے کہ کیوں نہ آپ کی ساری جائیداد ضبط کرلی جائے لیکن آپ بالکل مرعوب نہ ہوئے اور خدا تعالیٰ نے محض اپنے فضل سے محفوظ رکھا۔

اسی طرح تقسیم ہند کے وقت آپ چند ماہ حضور کے حکم پر قادیان ٹھہرے۔ جب لاہور پہنچے تو یہاں آپ کے ایک دوست جسٹس کیانی مرحوم لیگل ریمبرینس تھے۔ آپ نے انہیں کہا کہ ماضی میں آپ نے مجھے سرکاری وکیل لگوانے کی آفر کی تھی تب میں نے قبول نہ کیا۔ اگر آپ کے پاس یہ ملازمت ہے تو اب مجھے اس کی ضرورت ہے۔ ان کے یہ کہنے پر کہ آپ لیٹ ہو گئے ہیں ایک وزیر کی سفارش آ چکی ہے۔ آپ نے فرمایا ٹھیک ہے جس خدا کی خاطر میں لیٹ ہوا ہوں وہ خود میرا کام کرے گا۔ چند دنوں میں ان کی طرف سے نہ صرف ملازمت کا خط مل گیا بلکہ آپ کی اپنی پسند پر سرگودھا میں سرکاری وکیل کے عہدہ پر آپ پانچ سال رہے۔ پھر شدید مخالفت ہونے پر ٹرانسفر کردی گئی تو استعفیٰ دے دیا اور پرائیویٹ پریکٹس کی جو خدا کے فضل سے کامیاب رہی۔

رہائش کے لئے جو کوٹھی ملی اس میں اس کے مالک ہندو وکیل کا بیشمار سامان بھرا ہوا تھا۔ آپ نے سیٹلمنٹ کمشنر کو کہلا بھیجا کہ سامان اٹھوالیں مجھے اس کی ضرورت نہیں۔ وہ بعد میں کلب میں اکثر اس بات کا ذکر کرتا رہا کہ میں نے ایسا ایماندار شخص اپنی ملازمت کے دوران کبھی نہیں دیکھا اور ابا جان کی بہت عزت کرتا تھا۔ پھر حضرت خلیفۃ المسیح الثانی خود تشریف لائے یہ دیکھنے کے لئے کہ رہائش کا ٹھیک انتظام ہو گیا۔ یہ محض ان کی ذرہ نوازی تھی۔

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کے وقت میں انگلستان جاتے یا قادیان تشریف لے گئے تو حضور نے ان جگہوں کا خود معائنہ فرما کر اطمینان فرمایا کہ انتظامات صحیح ہیں۔ مرکز میں بھی جب سرائے محبت تعمیر ہوئی تو آپ کے لئے ایک کمرہ تا حیات مختص رہا۔ قبولیت دعا کے ان گنت واقعات ماہ و سال پر پھیلے ہوئے ہیں۔ جس سے اپنے پرائے سبھی مستفیض ہوئے۔ ان کے وصال پر سرگودھا کی جماعت تو اپنے آپ کو یتیم محسوس کر رہی ہے۔ جماعت اور خاص طور پر عہدیداران جماعت نے آپ کے ارشاد کی تعمیل کو فرض جانا۔ انہیں پیار دیا بھی بہت اور لیا بھی۔

کبھی کسی موقعہ پر فیملی اکٹھی ہوتی تو بہت پیاری اور قیمتی نصائح فرماتے۔ یہ قیمتی وجود جو اپنے خالق کی محبت میں سرشار تھا۔ اپنا ایسا رعب و دبدبہ رکھتا تھا کہ اپنے پرائے سبھی ان کے نہایت درجہ فرمانبردار رہے۔ اس بات کا ہمارے ہاں کوئی تصور ہی نہیں تھا کہ ابا جان کچھ فرمائیں اور اس کی تعمیل نہ ہو۔

طبیعت میں بے تکلفی اور سادگی تھی۔ نہایت درجہ صفائی پسند اپنی اشیاء کو بہت ترتیب سے رکھتے۔ بچوں اور ان کی اولادوں کی تربیت محبت اور پیار سے فرمائی۔ اگر کبھی سرزنش کی تو بعد میں بہت پیار بھی دیا۔ کئی بہن بھائی اپنی فیملی کے ساتھ آپکے قریب رہے اور ہر ایک سے شفقت فرمائی۔

لطیف ذوق پایا تھا۔ حضرت مسیح موعود کے بیشمار اشعار زبانی یاد تھے۔ جنہیں اکثر پڑھتے۔ رفقاء حضرت مسیح موعود کی پاکیزہ صحبت سے فیض پانے کے لئے ابتدائی ایام میں ہی بہت تگ و دو کی اور اسی رنگ میں اپنے آپ کو رنگین کرلیا۔ خوش طبع تھے اور پاکیزہ مزاح پسند فرماتے تھے۔

قدرت نے نور فراست اور ذہانت سے نوازا تھا۔ دو مرتبہ کوئی چیز پڑھ لیتے تو حافظہ میں محفوظ ہو جاتی تھی۔ نہایت درجہ مصروف الاوقات تھے۔ آپ کی وقت کی پابندی ضرب المثل تھی۔ عرصہ دراز تک صدر قضاء بورڈ کے عہدہ پر فائز رہے۔ بعض دفعہ اپنے عزیز دوستوں کے خلاف بھی فیصلہ دینا پڑا اور اس امتحان میں پورا اترے۔ تحفہ قبول کرتے ہوئے خاص احتیاط فرماتے کہ متعلقہ شخص کا میرے پاس کوئی مقدمہ تو نہیں۔ ایسا ہوتا تو واپس لوٹا دیتے۔ کبھی یکطرفہ بات سننا پسند نہ فرماتے اور منع فرما دیتے کہ اس طرح فیصلہ پر اثر پڑ سکتا ہے۔ بعض معاملات کو نہایت خوبی سے سلجھایا۔

عام زندگی میں بہت سادہ مزاج تھے۔ تحریک جدید کے شروع ہوتے ہی گھر میں سادہ غذا کو رواج دلوایا۔ سوائے ان دعوتوں کے جو افسران ضلع کے اعزاز میں اکثر و بیشتر دی جاتیں۔ اثر و رسوخ والے ہونے کے باوجود کبھی اپنے یا اپنی اولاد کے لئے کوئی دنیوی فائدہ حاصل نہ کیا۔ ہر کام میں سلسلہ عالیہ کا مفاد مقدم ہوا۔ خدا کے فضل سے اچھی صحت کے مالک تھے۔ ٹینس کی گیم 71 برس کی عمر تک کھیلی اور کبھی کسی کو جیتنے نہ دیا۔ بعد میں نظر کی کمزوری آڑے آئی (موتیا کی وجہ سے) اکثر لوگ پوچھتے آپ کی اچھی صحت کا راز کیا ہے۔

اپنی اولاد کو بھی دینی خدمات بجالانے کی تلقین فرماتے۔ مرکز نے دو سال قبل خاکسارہ کو ضلع صدر نامزد کیا۔ میں اپنے آپ کو ابا جان کی خدمت کی وجہ سے اس قبل نہ پاتی تھی۔ ابا جان نے نہ صرف منظوری فرما دی بلکہ مجھے کہا خدا تعالیٰ فضل فرمائے گا تم کام شروع کردو۔ میں اب بھی ہر دم ان کی دعاؤں کا ساتھ محسوس کرتی ہوں۔

آپ کے لئے خود اپنوں نے اور غیروں نے بیشمار مبشر خوابیں دیکھیں جو آپ کی ڈائریوں میں درج ہیں۔ ان سب کا لکھنا تو ممکن نہیں چند جھلکیاں دکھانے پر اکتفا کروں گی۔ تقریباً سبھی خوابوں کا تعلق آپ کی روحانیت میں اعلیٰ درجات کی نشاندہی کرتا ہے اور بعد کے واقعات نے انہیں کو سچ کر دکھایا۔ فالحمدللہ علی ذالک۔

رویا و کشوف

حضرت ابا جان نے اپنی سوانح حیات میں چند خوابیں تحریر فرمائی ہیں۔ چند کا میں یہاں مختصراً ذکر کروں گی۔

تقسیم ہند سے قبل ابھی فسادات شروع نہیں ہوئے تھے کہ ابا جان نے خواب دیکھا ''ایک فرشتہ کوئی فہرست مرتب کر رہا ہے۔ پوچھنے پر اس نے بتایا کہ ان لوگوں (گھرانوں) کے نام ہیں جن کی خاص حفاظت کا اللہ تعالیٰ نے حکم فرمایا ہے۔ آپ کے دریافت کرنے پر کہا ہاں آپ کا نام (غالباً) پانچویں نمبر پر ہے''۔

آپ گورداسپور میں تھے ایک صاحب نے آپ کے گھر کے سامنے سے گزرتے ہوئے کشفاً سامنے کی دیوار پر الیس اللہ کا الہام لکھا پایا۔

گورداسپور کے کئی ہندوؤں اور سکھوں نے آپ کو اپنی خوابوں میں اپنے اوتار کے روپ میں دیکھا اس وجہ سے وہ آپ کی بے حد عزت کرتے تھے۔

آپ کی ایک عزیزہ نے دیکھا کہ آپ کو بعض ماموروں والی صفات دی گئی ہیں۔ اسی نفس مضمون کی رویا بعض اور لوگوں نے بھی دیکھیں۔

اس عاجزہ نے اوائل عمر میں آپ کو ایک بلند پہاڑ کی چوٹی پر دیکھا جبکہ آپ کا چہرہ بہت روشن تھا۔

حضرت مولانا غلام رسول صاحب راجیکی نے کشف دیکھا کہ اس عاجز کا چہرہ بہت بڑا اور نہایت روشن اور خوبصورت ہے اور یوں محسوس ہوتا ہے کہ اس عاجز کو اللہ تعالیٰ نے ترقیات پر ترقیات دی ہیں اور وہ اس پر حیران ہو رہے ہیں۔

بیسیوں احباب جماعت اور غیر از جماعت نے آپ متعلق مختلف اوقات میں رویا اور کشوف دیکھے جن میں آپ حضرت مسیح موعود کے قدموں میں تھے۔ بعض نے آپ کو حضرت مرزا بشیر احمد صاحب کے نورانی اور مبارک وجود میں دیکھا۔ ایک عزیزہ نے خواب دیکھا کہ آپ کا اور حضرت چوہدری ظفر اللہ خان صاحب کا ایک ہی وجود ہے۔

ابا جان نے بتایا کہ خلافت کے ساتھ وابستگان ایک تصویر میں دکھائے گئے۔ میں نے غور سے دیکھا تو خلیفہ وقت کے قدموں کے ساتھ لگا ہوا پہلا آدمی خاکسار ہی تھا۔

ایک خواب ''بہت سے لوگ حج بیت اللہ کر رہے ہیں اور ان کے امیر حضرت مرزا صاحب ہیں جو بلند آواز سے لبیک اللھم لبیک کہہ رہے ہیں''۔

بعض خوابیں اس بات کی نشاندہی کرتی ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے ان کو دنیا میں بلند مرتبہ دیا ہے اور سلسلہ کی خدمت کا کوئی خاص بڑا کام ہوا ہے۔ کسی بڑی سروس کا امتحان ہے۔ یہ یقیناً الٰہی دین کی سروس ہے۔ ایک صاحب کو بتایا گیا کہ مرزا صاحب کا مقام علماء ...... کے مطابق ہے۔

ایک بہن نے خواب دیکھا کہ مرزا صاحب کہہ رہے ہیں کہ آجکل اللہ تعالیٰ اس عاجز کے ساتھ گفتگو فرماتا ہے۔

آپ کے ایک دوست لکھتے ہیں کل رات عجیب و لطیف خواب کا نظارہ ہوا دیکھا کہ ''آنجناب اللہ تعالیٰ سے مصروف کلام ہیں۔ آپ کوئی گزارشات کرتے ہیں اور رب رحمان اس کا جواب دیتا ہے۔ کافی دیر تک یہ سلسلہ رہا بالآخر اللہ فرماتا ہے اب بس۔ اس پر عاجز بیدار ہوا۔ دل میں عجیب سرور وراحت ہے۔

ایک اور صاحب نے خواب دیکھا ''مرزا صاحب ایک اونچی جگہ پہاڑی پر کھڑے ہیں میں آپ کے سامنے کھڑا ہوں۔ آپ نے مجھے فرمایا میں دن میں ایک منٹ کے ایک سیکنڈ میں ایک کروڑ مرتبہ خدا تعالیٰ پر قربان ہوتا ہوں اور اس میں ترقی کر رہا ہوں۔

ایک اور احمدی اپنی خواب تحریر فرماتے ہیں دیکھا کہ ''حضرت خلیفۃ المسیح الرابع جلسہ سالانہ لندن میں تقریر فرما رہے ہیں۔ حضور آپ کی طرف اشارہ کر کے کہتے ہیں احمدیت کی صداقت کا ایک زندہ نشان حضرت مرزا صاحب ہیں جو اس وقت سو سال کے ہو گئے ہیں۔

حضرت والد صاحب وفات سے چند ماہ قبل سانس کی تکلیف سے دو تین روز بیمار ہوئے تو ایک صاحب نے خواب دیکھا کہ ''ہماری کوٹھی کا پلاٹ لمبے قد کے فرشتوں سے بھرا ہوا ہے اور سامنے ایک تابوت رکھا ہے۔ حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نماز جنازہ پڑھانے کے لئے تشریف لاتے ہیں لیکن تابوت خالی ہے۔ آپ نے فرمایا ابھی نہیں اور واپس تشریف لے گئے۔ پھر خدا تعالیٰ نے آپ کو شفاء دے دی۔ حضرت اباجان نے ایک خواب دیکھا کہ مجھے بتایا گیا کہ میں تقریر کروں کہ انسانی زندگی کا مقصد ہے کہ انسانی دل سے اللہ تعالیٰ کی محبت اس طرح نکلے جیسے زمین سے سوتے پھوٹتے ہیں۔

اسی مفہوم کی بیسیوں خوابیں (اپنی اور دوسروں کی) آپ نے تحریر فرمائی ہوئی ہیں۔

محبت الٰہی اور عشق رسولؐ ہی ان کی زندگی کا مقصد تھا اور حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کی معیت نے سونے پر سہاگے کا کام کیا۔ حضرت سے آپ کو دلی تعلق تھا اور اپنی زندگی کے آخری ایام میں اکثر و بیشتر راتیں خوابوں میں ان کے ساتھ گزارتے اور احمدیت کی ترقی کے نظارے دیکھتے۔ یہی ان کی زندگی کا سب سے بڑا خواب تھا۔

اللہ تعالیٰ اپنے فضل و احسان سے یہ نظارے ہمیں ہماری زندگیوں میں بھی دکھائے۔ (آمین)

مکرم ڈاکٹر ملک نسیم اللہ خان صاحب

بچوں کی خطرناک بیماری پولیو

پولیو ایک وبائی مرض ہے۔ جو ایک بچے سے دوسرے بچے میں منتقل ہوتا ہے۔ یہ بیماری وائرس کے ذریعے پھیلتی ہے۔ وائرس بچے کے جسم میں منہ کے راستے داخل ہو کر انتڑیوں تک پہنچ جاتا ہے اور پھر یہ انتڑیوں کے ذریعے پورے جسم میں پھیل جاتا ہے۔ اس کا زیادہ حملہ ہمارے اعصابی نظام پر ہوتا ہے۔ خصوصاً حرام مغز زیادہ متاثر ہوتا ہے جس کے نتیجے میں کسی بچے میں، جس حصے پر اس کا زیادہ اثر ہو۔ وہ حصہ کام کرنا چھوڑ دیتا ہے۔ یعنی اس کو فالج ہو جاتا ہے۔ جس سے ٹانگ اور بازو مفلوج ہو جاتے ہیں۔ لیکن بسا اوقات یہ دماغ پر بھی ہو جاتا ہے۔ جس سے موت واقع ہو سکتی ہے۔ فالج ہر بچے کو نہیں ہوتا۔ اگر دو سو بچوں کو یہ بیماری ہو تو ایک بچے کو فالج کا امکان ہوتا ہے۔

تشخیص

بیماری سے قبل اس کا تشخیص کرنا بہت مشکل ہوتا ہے۔ بچے کے پاخانے یا خون سے پتہ چل سکتا ہے کہ اس پر پولیو وائرس کا حملہ ہے یا کوئی اور بیماری ہے۔ یہ منہ کے راستے داخل ہو کر پاخانے کے ذریعے سے دوسرے بچوں کو متاثر کرتا ہے۔

بیماری کا حملہ

جس معاشرے میں حفظان صحت کا فقدان ہو تو وہاں یہ مرض تیزی سے پھیلتا ہے۔ اس بیماری کا حملہ چھ ماہ سے لے کر تین سال کی عمر تک کے بچوں میں زیادہ ہوتا ہے۔ چھ ماہ کی عمر سے پہلے تک چونکہ بچے کو کافی مقدار میں اینٹی باڈیز (Anti bodies) ماں کے دودھ کی صورت میں ملتی رہتی ہیں۔ لہٰذا وہ اس سے محفوظ رہتا ہے۔ تاہم ماں کا دودھ نہ پینے والے چھ ماہ سے کم عمر کے بچوں پر بھی پولیو کا حملہ ہو سکتا ہے۔

اگر بچے کو ویکسین نہ لگی ہو تو اس پر پولیو کے حملے کا خطرہ رہتا ہے۔ اور اس کا شکار زیادہ تر تین سال تک کی عمر کے بچے ہوتے ہیں۔ تمام بچوں کو جو اس بیماری کا شکار ہوں، فالج نہیں ہوتا۔

وائرس کی اقسام

پولیو وائرس تین قسم کے ہوتے ہیں۔ پولیو کے ایک وائرس کے حملے سے دوسرے کے خلاف قوت مدافعت پیدا نہیں ہوتی۔ لہٰذا ویکسین پولیو کی تینوں اقسام کے لئے دی جاتی ہے۔

ویکسین کی اقسام

پولیو ویکسین دو طرح کی ہوتی ہے۔ ایک اورل یعنی قطروں کی شکل میں اور دوسری انجکشن کی صورت میں۔ اورل ویکسین چونکہ زندہ وائرس ہے۔ اس لئے اس کا کوئی نقصان نہیں ہوتا۔ اور جسم میں قوت مدافعت پیدا کر کے ساتھ ساتھ دوسرے بچوں کو پاخانے کے وائرس کے ذریعے فائدہ پہنچاتی ہے۔ اور ان میں خود بخود قوت مدافعت پیدا کرتی ہے۔

انجکشن ویکسین کے ذریعے پولیو کے جراثیم کو بالکل ختم کر دیا جاتا ہے۔ اور یہ صرف متعلقہ بچے کو ہی فائدہ دیتی ہے۔ چونکہ یہ کافی مہنگی ویکسین ہے۔ اس لئے ساری دنیا میں پولیو کے خاتمے کے لئے اورل ویکسین ہی استعمال کی جاتی ہے۔

یاد رہے کہ پولیو وائرس کے ذریعے پھیلنے والی ایسی وبائی بیماری ہے۔ جس کا وائرس خوراک کے ذریعے جسم میں داخل ہوتا ہے۔ یہ حرام مغز کے ان خلیوں کو متاثر کرتا ہے جو پٹھوں کے علاوہ دیگر نظام کو بھی متاثر کرتے ہیں۔ اور اگر حرام مغز کے اوپر کا حصہ متاثر ہو تو نظام تنفس متاثر ہوتا ہے۔

یہ سب کچھ چار یا پانچ دن میں ہوتا ہے۔ اس کے بعد متاثرہ پٹھوں کا واپس اصل حالت میں آنا اس بات پر منحصر ہے کہ حرام مغز کے خلیوں میں بیماری کے اثرات کس قدر تھے۔ متاثرہ پٹھے عام طور پر ایک سال سے ڈیڑھ سال تک صحیح حالت میں آتے ہیں۔ لیکن پٹھے کمزور ہو جاتے ہیں اور کمزور پٹھوں کے نتیجہ میں مختلف قسم کی بیماریاں ظاہر ہوتی ہیں۔ کمزور پٹھے متاثرہ حصوں کو خاص شکل میں موڑ دیتے ہیں۔ اور خاص طور پر ٹانگوں اور بازوؤں پر اس کا اثر زیادہ ہوتا ہے۔

پولیو کی وجہ سے اگر فالج کا حملہ ہو جائے تو متاثرہ بچہ معذور ہو جاتا ہے۔ اور یہ زیادہ تر عضلات پر ہی اثر کرتا ہے۔ اور پھر ان کی حرکت کو مفلوج کر دیتا ہے۔

پاکستان میں ابھی تک پولیو کا مرض موجود ہے۔ ساری دنیا میں سوائے پاکستان۔ انڈیا اور نائیجیریا کے، پولیو کا مرض ختم ہو چکا ہے۔ پاکستان میں پولیو ڈے کے بار بار انعقاد کی وجہ سے اس کی شرح میں کمی ہوئی ہے۔ تاہم اب بھی بچوں کی ماؤں میں حفاظتی ٹیکے لگوانے کے رجحان میں کمی ہے بعض والدین کئی دفعہ ایک ٹیکہ لگوا کر بعد میں باقی ٹیکے لگوانے بھول جاتے ہیں۔ یا پھر ایک معینہ مدت کے اندر باقی ٹیکے نہیں لگواتے۔ اس صورت میں حفاظتی ٹیکوں کا دوبارہ کورس کرنا پڑتا ہے پولیو کی ایک خوراک سے دوسری خوراک کے درمیان چار سے چھ ہفتے کا وقفہ ہوتا ہے۔

پولیو اور دوسری متعدی امراض، جن کے ٹیکے بچوں کو ابتدائی عمر میں لگائے جاتے ہیں یعنی تپ دق، خناق، کالی کھانسی، تشنج اور خسرہ کی مہم کی کامیابی کے لئے لوگوں میں ہیلتھ ایجوکیشن کے پروگرام ضرور ہونے چاہئیں۔ تاکہ لوگوں میں ان بیماریوں کی سنگینی اور ٹیکوں کی افادیت کا شعور بیدار ہو سکے۔ اس طرح باقی متعدی بیماریوں کے ساتھ پولیو کا خاتمہ بھی ممکن ہو سکے گا۔

علاج

یہ امر بھی قابل ذکر ہے۔ کہ پولیو ایک قابل علاج بیماری ہے۔ لیکن اس کے ظاہر ہونے کے بعد اس کے اثرات کو زائل کرنا ایک مشکل اور صبر آزما کام ہے۔ جس کے لئے مریض رشتہ دار فزیوتھراپسٹ، آرتھوپیڈک اور پیڈیاٹرک (بچوں کا ڈاکٹر) کی ٹیم درکار ہوتی ہے۔ اور مثبت نتائج کا امکان اس بات پر منحصر ہے کہ مریض اور اس کے لواحقین میں بیماری سے لڑنے کی کس حد تک طاقت ہے۔ پولیو کے حملے کے بعد اس سے بچاؤ کے لئے سب سے ضروری ہے کہ نارمل پٹھوں کو غیر متوازن کرنے سے روکا جائے اور متاثرہ پٹھوں کو صحت یاب ہونے تک ورزش کے ذریعے حرکت دی جائے تاکہ دوران خون قائم رہے۔

یہ بھی حقیقت ہے کہ پولیو کا شکار ہر بچہ ٹھیک نہیں ہو سکتا ہے۔ کیونکہ اس کا علاج بہت طویل۔ مشکل اور صبر آزما ہوتا ہے۔ ایسے بچوں کی تعداد بہت کم ہوتی ہے جو کہ علاج کے بعد اپنے پاؤں پر چلنے کے قابل ہو جائیں۔

علامات

عموماً یہ بیماری اچانک شروع ہو جاتی ہے۔ جس میں بچے کو سردرد، پٹھوں میں درد، بھوک کا نہ لگنا، الٹی، تھکاوٹ اور دست لگ جاتے ہیں۔ بعض دفعہ بچے کو قبض ہو جاتی ہے۔ بخار عموماً 102 سے زیادہ ہوتا ہے۔ بچے کا گلا خراب ہو سکتا ہے اور پیٹ میں بھی درد ہوتا ہے بچہ عموماً سستی اور غنودگی کی حالت میں رہتا ہے۔ جب اٹھایا جائے تو رونے لگتا ہے۔ گردن معمولی سی اکڑ جاتی ہے۔ بچہ اپنی کمر کو موڑ نہیں سکتا۔ اگر کہا جائے کہ بچہ بیٹھ کر اپنا منہ گھٹنے کو لگائے تو وہ یہ نہیں کر سکتا۔ شیر خوار بچوں میں سر کا نرم حصہ ابھر آتا ہے اور سخت ہو جاتا ہے۔ بعض دفعہ بچے کو پیشاب میں بھی تکلیف ہو جاتی ہے۔

تمام والدین اور خصوصاً واقفین نو بچوں کے والدین کو چاہئے۔ کہ وہ اپنے معصوم بچوں کو بڑی ذمہ داری کے ساتھ حفاظتی ٹیکوں کا کورس مکمل کروائیں۔ اور ہر پولیو ڈے پر ان کو پولیو کی خوراک پلانا نہ بھولیں۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کے بچوں کو پولیو جیسی مہلک اور معذور کر دینے والی بیماری سے محفوظ رکھے۔ آمین

☆☆☆

محمد افضل متین صاحب

مکرم چوہدری برکت اللہ برکات صاحب

میرے پیارے ابوجان مکرم چوہدری برکت اللہ برکات صاحب کپورتھلہ ہندوستان سے 1947ء میں پاکستان آگئے تھے۔ آپ کے ساتھ آپ کے عمر رسیدہ ماں باپ بھی تھے۔ حکومت پاکستان نے دادا جان کی کپورتھلہ والی جائیداد کے عوض ایک چار منزلہ مکان بہاولپور میں دیا۔ آپ بریلوی مسلک سے منسلک تھے۔ آپ کی پہلی شادی پاکستان آنے کے چند سال بعد ہوئی اس وقت آپ کی عمر 20 سال تھی۔ پہلی بیوی سے آپ کی دو بیٹیاں تھیں۔ آپ نے اس زمانے میں گریجویشن کا امتحان دیا ہوا تھا اور ہومیو ڈاکٹری کی ڈگری بھی پاس کی ہوئی تھی اور بعد میں قانون بھی پڑھا۔ آپ ملازمت کو پسند نہیں کرتے تھے اس لئے آپ نے ریڈیو ٹی وی مکینک کا کام سیکھا اور اس شعبہ میں باقاعدہ تعلیم حاصل کی۔ پہلے چھوٹی سی دکان کھولی بعد میں ترقی کرتے کرتے شاہی بازار بہاولپور میں ایک بڑی دکان بنائی جس میں آپ کے ساتھ پندرہ بیس شاگرد بھی کام کرتے تھے۔

اللہ تعالیٰ نے آپ کو مالی طور پر بہت کچھ عطا کیا۔ آپ ہنسی خوشی اپنے بیوی بچوں اور والدین کے ساتھ زندگی گزار رہے تھے۔ یہ 1963ء کی بات ہے کہ مکرم حکیم عقیل صاحب معلم وقف جدید کی دعوت الی اللہ سے آپ نے احمدیت قبول کرلی۔ جس کے بعد آپ پر آزمائشوں وابتلاؤں کے پہاڑ ٹوٹ پڑے۔

سب سے پہلے تو آپ کے سارے خاندان نے آپ سے تعلق توڑ لیا۔ پھر بیوی نے بھی طلاق مانگ لی۔ بیوی نے کہا یا احمدیت رکھو یا مجھے رکھو۔ آپ نے بہت صبر کے ساتھ یہ دور گزارا اور بہت سمجھایا لیکن بیوی طلاق کے لئے بضد تھی۔ چنانچہ بات عدالت تک گئی اور طلاق ہوگئی۔ بچیاں چونکہ چھوٹی تھیں اس لئے وہ بھی والدہ کے ساتھ بھیج دیں۔ کچھ عرصہ بعد آپ کے والد اور والدہ بھی کچھ وقفہ سے وفات پاگئے۔ اسی اثناء میں آپ کی شادی حضرت میاں نظام الدین صاحب رفیق حضرت مسیح موعود کی پوتی اور مشتاق احمد صاحب وکیل احمد پور شرقیہ کی چھوٹی بہن سے ہوگئی اس وقت والدہ صاحبہ کی عمر تقریباً 18 سال تھی اور والد صاحب کی عمر 40 سال تھی۔ جب اردگرد کے مخالفین نے دیکھا کہ یہ پھر آباد ہوگئے ہیں تو انہوں نے والد صاحب کے کاروبار کو تباہ کرنے کی کوششیں شروع کر دیں۔ یہاں تک کہ آپ کی دکان بھی جاتی رہی پھر آپ نے گھر پر کام شروع کر دیا۔ جب گاہک آتے تو ہمسائے گاہکوں کو بہکاتے۔ اس طرح گھر بھی گاہکوں نے آنا چھوڑ دیا۔ ادھر سے ہمسایوں نے بھی خود بھی کوئی کسر نہ چھوڑی سخت نفرت کا رویہ روا رکھتے مختلف تکلیفیں دیتے، کبھی دروازے کے آگے کانٹوں کے ڈھیر لگا دیتے تو کبھی گندگی کے اور کبھی صحن میں اس قدر پتھر پھینکتے کہ امی بتاتی ہیں کہ بالٹیاں بھر بھر کے باہر پھینکنا پڑتیں۔ میرے والد صاحب خاموشی اور صبر سے یہ تمام حالات برداشت کرتے رہے کہ انہی دنوں میں میری بڑی خالہ ربوہ سے آئی ہوئی تھیں۔ مخالفین جلوس لے کر آئے اور کہا کہ ہم اس قادیانی کا مکان جلا دیں گے میرا بڑا بھائی جس کی اس وقت عمر 12 سال تھی اس کو اس جلوس کے کچھ لوگوں نے مارا۔ ایک آدمی نے بھائی کو سیدھا لٹایا اور پیٹ پہ چڑھ گیا قریب تھا کہ وہ اسی معصوم بچے کو مار دیتے کہ میرے والد صاحب پہنچ گئے اور بھائی کو بچا کر گھر لے آئے۔ والد صاحب چونکہ کافی تعلیم یافتہ تھے اور نیکی اور شرافت کے اوصاف بھی نمایاں اس لئے ان پر ایک رعب تھا اس لئے کسی کو براہ راست گریبان میں ہاتھ ڈالنے کی ہمت نہیں تھی۔ اس زمانے میں بہاولپور کے تعلیم یافتہ اور قانون سے تعلق رکھنے والے اب بھی آپ کے دوست تھے لیکن آپ نے کبھی کسی سے مدد لینا گوارا نہیں کی۔ اور خود ہی سارے حالات کو برداشت کرتے رہے۔ چنانچہ خالہ محترمہ کے مشورہ سے ربوہ ہجرت کرنے کا فیصلہ ہوا کیونکہ ان دنوں بہاولپور میں شدید مخالفت تھی۔ والد صاحب نے ہماری والدہ کو بچوں سمیت ربوہ بھیج دیا۔

جب مخالفین کو پتہ چلا کہ اب یہ جارہے ہیں تو انہوں نے مل کر میٹنگ کی کہ سب اپنی اپنی جگہ مکان کی قیمت اس قدر گرا دیں کہ ان کو مکان اونے پونے فروخت کرکے جانا پڑے۔ چنانچہ مجبوراً ایسا ہی ہوا۔ والد صاحب مکان اور سامان اونے پونے فروخت کرکے ربوہ آئے۔ چند ماہ خالہ کے ہاں صدر انجمن احمدیہ کے کوارٹرز میں گزارے پھر محلّہ نصیر آباد میں مکان بنا لیا اور والد صاحب نے صابن کا کاروبار شروع کر دیا جو بعض وجوہات کی بنا پر فیل ہوا اور والد صاحب مقروض ہوگئے مکان ضبط ہوگیا اور والد صاحب ہم چھ بھائیوں اور دو بہنوں سمیت کراچی شفٹ ہو گئے۔ یہاں آکر والد صاحب نے اور ہم بھائیوں نے بڑی محنت کی اور خدا کے فضل سے سب بہن بھائی پڑھ لکھ گئے والد صاحب اپریل 2003ء میں بوجہ برین ہیمرج وفات پاگئے۔ آپ کی عمر 70 سال تھی۔

والد صاحب نہایت کم گو، شریف اور خدمت خلق کرنے والے تھے۔ آپ کا ایک مقولہ ہے ”دروٹ زمانہ لٹ بھلے دن آویں گے“۔ یعنی صبر سے زمانہ گزارتے جاؤ اللہ تعالیٰ اچھے دن بھی لائے گا۔ آپ پانچ وقت کے نمازی اور باقاعدہ تلاوت کرتے تھے۔ آپ جب بھی بات کرتے تو بہت مختصر مگر جامع بات کرتے۔ آپ کی نظریں ہمیشہ جھکی رہتیں۔ اور ہمیشہ کسی گہری سوچ میں مبتلا رہتے۔ جب کسی بات پہ خوش ہوتے تو نظریں اٹھا کر ہلکا سا مسکرا دیتے۔ بہت سنجیدہ تھے۔ فراست بہت تھی گہرے نتائج پہ غور کرکے بات کرتے۔ اللہ تعالیٰ نے احمدیت کی برکت سے آپ کو چھ بیٹے اور دو بیٹیاں عطا فرمائیں۔ میں نے ایک مرتبہ آپ سے پوچھا کہ ابوجی آپ نے اتنا کچھ احمدیت کی خاطر قربان کر دیا اس قدر ابتلاؤں میں پڑے تو آپ کہتے بیٹا میری اصل دولت تو میری اولاد ہے۔ ربوہ سے میری تعلیمی کامیابیوں کا تذکرہ سنتے تو بہت خوش ہوتے۔ خاص طور پہ جب میرا وقف منظور ہوگیا تو میرا احترام اور بھی زیادہ کرتے اور کہتے کہ میرے بیٹے تم نے میرے سارے زخم دھو دیئے ہیں۔ مجھے خوشی ہے کہ میرا بیٹا وقف زندگی ہے۔ گلی محلّہ اور دکان کے علاقہ میں آپ چاچا کے لقب سے معروف تھے لوگ کثرت سے قانونی اور دیگر باتوں میں مشورہ لیتے۔ آپ کی وفات کے بعد بھی کافی عرصہ تک غیراز جماعت تعزیت کے لئے آتے رہے۔ اللہ تعالیٰ پیارے ابو جان کی مغفرت فرمائے اور جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور والدہ محترمہ کو صحت عطا فرمائے اور وقت آنے پہ ہم بھی ہر قسم کی قربانیاں دینے والے ہوں۔ آمین

مناجات

مرا تیرے سوا کوئی نہیں ہے بجز تیرے خدا کوئی نہیں ہے
مرا مطلوب و مقصود و تمنا ہے تو ہی، دوسرا کوئی نہیں ہے
محبت آپ ہے انعام اپنا محبت کا صلہ کوئی نہیں ہے
محبت، عاشقی اور بندگی میں مزا ہے، مدعا کوئی نہیں ہے
بجز تیرے وصالِ جاں فزا کے کہیں آبِ بقا کوئی نہیں ہے
اگر کچھ ہے تو جذب دل سے اپنے مجھے تجھ سے گلہ کوئی نہیں ہے
رضائے من رضائے یار جانی الگ اپنی رضا کوئی نہیں ہے
امام و پیشوا و ہادیٔ دیں سوائے مصطفیٰ ؐ کوئی نہیں ہے
مجھے قربان کردے اس کے دیں پر بجز اس کے دعا کوئی نہیں ہے

ترے درد کے سوالی سب ہیں لیکن
ظفرؔ سا بے نوا کوئی نہیں ہے

راجہ نذیر احمد ظفرؔ

مخالفین کو اپنے مذہب کی خوبیاں بیان کرنے کی دعوت

حضرت مصلح موعود فرماتے ہیں:۔

حضرت مسیح موعود نے اپنے مخالفین کو تحریک کی کہ ایسے جلسے منعقد کئے جائیں جن میں ہر شخص اپنے مذہب کی خوبیاں بیان کرے۔ آپ نے یہ نہیں کیا کہ چونکہ میں خدا تعالیٰ کی طرف سے مامور ہوں اس لئے باقی سب لوگ اپنے اپنے مذہب کی تبلیغ بند کر دیں لیکن اگر آپ کانگرس کی پالیسی اختیار کرتے تو کہتے میں خدا تعالیٰ کی طرف سے آیا ہوں تم سب گونگے ہو جاؤ مگر نہیں آپ نے ایسا نہیں کیا کیونکہ آپ جانتے تھے کہ باقی لوگوں کو بھی تبلیغ کا ویسا ہی حق ہے جیسا مجھے اس لئے آپ نے فرمایا کہ تم اپنی بات پیش کرو میں اپنی بات پیش کرتا ہوں اور جب تک یہ طریق پیش نہ کیا جائے امن کبھی نہیں ہوسکتا اور حق نہیں پھیل سکتا۔ دنیا میں کون ہے جو اپنے آپ کو حق پر نہیں سمجھتا لیکن جب خیالات میں اختلاف ہو تو ضروری ہے کہ اسے ظاہر کرنے کا موقع دیا جائے۔

(خطبات محمود جلد 12 صفحہ 418)

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر 65481 میں
Indah rahayu Ningsih

ولد Endi Khairoji پیشہ ملازمت عمر 26 سال بیعت 2001ء ساکن انڈونیشیا بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 5-6-05 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/RP700000 ماہوار بصورت تنخواہ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ منظوری سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد Indah Rahayu Ningsih گواہ شد نمبر 1 Elon Ahmadi گواہ شد نمبر 2 Abdul Rosyid

مسل نمبر 65482 میں Farzan Ali

ولد Abdurahman پیشہ کاروبار عمر 58 سال بیعت 2003ء ساکن انڈونیشیا بقائمی ہوش وحواس بلاجبر و اکراہ آج بتاریخ 23-6-06 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ 1۔ مکان برقبہ 400 مربع میٹر مالیتی -/RP150000000۔ 2۔ مکان برقبہ 126 مربع میٹر مالیتی -/RP150000000۔ اس وقت مجھے مبلغ -/RP1000000 ماہوار بصورت کاروبار مل رہے ہیں۔ اور مبلغ -/RP350000 ماہانہ آمد از جائیداد بالا ہے۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ منظوری سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد Farzan Ali گواہ شد نمبر 1 Elon Ahmadi گواہ شد نمبر 2 Abdul Rosyid

مسل نمبر 65483 میں
Nurbaina Farzan

زوجہ Farzan Ali پیشہ خانہ داری عمر 56 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن انڈونیشیا بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 20-6-05 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ 1۔ حق مہر ادا شدہ بصورت طلائی زیور 5 گرام مالیتی -/RP500000۔ 2۔ مکان برقبہ 100 مربع میٹر مالیتی -/RP60000000۔ 3۔ دوکان مالیتی -/RP15000000۔ 4۔ طلائی زیور 60 گرام مالیتی -/RP6000000۔ اس وقت مجھے مبلغ -/RP500000 ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ اور مبلغ -/RP4000000 سالانہ آمد از جائیداد بالا ہے۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میں اقرار کرتی ہوں کہ اپنی جائیداد کی آمد پر حصہ آمد بشرح چندہ عام تازیست حسب قواعد صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ کو ادا کرتی رہوں گی میری یہ وصیت تاریخ منظوری سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ Nurbaina Farzan گواہ شد نمبر 1 Abdul Rosyid گواہ شد نمبر 2 Elon Ahmadi

مسل نمبر 65484 میں Ziyantunnisa

بنت Farzan Ali پیشہ ملازمت عمر 28 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن انڈونیشیا بقائمی ہوش وحواس بلاجبر و اکراہ آج بتاریخ 20-6-06 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ 1۔ طلائی زیور 5.5 گرام مالیتی -/RP340000۔ اس وقت مجھے مبلغ -/RP2100000 ماہوار بصورت تنخواہ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ منظوری سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ Ziynatunnisa گواہ شد نمبر 1 Elon ahmadi گواہ شد نمبر 2 Abdul Rosyid

مسل نمبر 65485 میں Mira Grindalia

زوجہ Parmandi Kusmah پیشہ خانہ داری عمر 41 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن انڈونیشیا بقائمی ہوش و حواس بلاجبر و اکراہ آج بتاریخ 28-12-05 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ 1۔ حق مہر ادا شدہ -/RP300000۔ اس وقت مجھے مبلغ -/RP100000 ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ منظوری سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ Mira Grindalia گواہ شد نمبر 1 Ahmad Mufid گواہ شد نمبر 2 Ruhdiyat Ayubi Ahmad

مسل نمبر 65486 میں
Momon Rusilawati

